الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ — دار الافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **Zahid Nawaz**	Serial No : **30037**	MODE: **Regular**
Address : **Prmahal**	Date : **1/22/2017**	
Subject : **Namaz**	Contact No:	
Writer : عبداللہ	Email :	

Aslam o alekum hazrat muje ye poochna hay k main oman main nokry krta hn mery job aisy hay k main 28 din oman rehta hnn or 28 din pakistan yahan meray sath local omani b kaam krtay hain jin ki job 14 din field main (apnay ger se door) or 14 din ger pe hay ye sb log kasar namaz ada krtay hain 14 din tak wo kehtay hain k kuin ki wo field main hotay hain to ger se door hain is leye qasar e perhtay aur yahaan field main amam b qasar e perhtay kuin ki un di b duty 14 din on 14 din off hay. kia ye theek hay kia main b ider qasar namaz ada ker sakta hnn kuin k mery job ider 28 din hay main b ger se door hnn

استفتاء

السلام علیکم: حضرت مجھے یہ پوچھنا ہے کہ میں اومان میں نوکری کرتا ہوں میری جاب ایسی ہے کہ میں 28 دن اومان میں رہتا ہوں اور 28 دن پاکستان میں۔ یہاں میرے ساتھ لوکل اومانی بھی کام کرتے ہیں جن کی جاب 14 دن فیلڈ میں (اپنے گھر سے دور) اور 14 دن گھر پے ہے یہ سب لوگ قصر نماز ادا کرتے ہیں 14 دن تک وہ کہتے ہیں کہ کیونکہ وہ فیلڈ میں ہوتے ہیں تو گھر سے دور ہیں اسی لئے قصر پڑھتے ہیں اور یہاں فیلڈ میں (Amam) بھی قصر پڑھتے ہیں کیونکہ انکی بھی ڈیوٹی 14 دن آن 14 دن آف ہے کیا یہ ٹھیک ہے کیا میں بھی۔ ادھر قصر نماز ادا کر سکتا ہوں کیونکہ میری جاب ادھر 28 دن ہے میں بھی گھر سے دور ہوں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

عند الاحناف مسافر کے لیے حالت سفر میں قصر کرنا واجب ہے بشرطیکہ مسافت سفر شرعی ہو اور مسافر نے کسی مقام پر 15 دن یا اس سے زیادہ رہنے کا ارادہ نہ کیا ہو سائل چونکہ اومان میں 15 دن سے زیادہ ٹھہرتا ہے اس لیے اس پر لازم ہے کہ چار رکعات والی نماز پوری پڑھے قصر کرنا جائز نہیں اور اگر کسی مسافر امام کا مقتدی ہو تو امام کے دو رکعتوں پر سلام پھیرنے کے بعد سائل بقیہ دو رکعتیں ادا کرکے نماز پوری کر لیا کرے۔

کما فی الھدایۃ: السفر الذی یتغیر بہ الاحکام ان یقصد مسیرۃ ثلاثۃ ایام ولیالیھا (الی قولہ) قال وفرض المسافر فی الرباعیۃ رکعتان ولا یزید علیھما (الی قولہ) ولا یزال حکم السفر حتی ینوی الاقامۃ فی بلدۃ او قریۃ خمسۃ عشر یوما او اکثر وان نوی اقل من ذلک قصر الخ (ج/۱ص۱۶۵)

(جاری ہے)

كما في الدر المختار: (من خرج من عمارة موضع اقامته) (الى قوله) (مسيرة ثلاثة ايام ولياليها) (الى قوله) (صلى الفرض الرباعي ركعتين وجوبا (الى قوله) (حتى يدخل موضع مقامه) (الى قوله) (او ينوي) ولو في الصلاة اذا لم يخرج وقتها ولم يكن لاحقا (اقامة نصف شهر) حقيقة او حكما الخ (ج/٢ ص ١٢١)-

كما في الهداية: وان صلى المسافر بالمقيمين ركعتين سلم و اتم المقيمون صلاتهم الخ (ج/١ ص ١٦٢)- والله اعلم بالصواب-

محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
١٨/٥/١٤٣٨ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٢/٥/١٤٣٨ھ

نائب رئيس
دار الافتاء جامعة بنورية العالمية

دار الافتاء
٣٠٥٣
جامعة بنورية العالمية سائٹ کراچی